نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں آبپاش زراعت کی پیداوار بڑھانے کے منصوبہ کے تحت پیداواری اہداف کے حصول کے لئے کاشتکاروں کو فنی اور مالی معاونت کی فراہمی یقینی بنائی گئی۔ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب ملک محمد اکرم

لاہور22 اکتوبر 2021: صوبہ پنجاب میں آبپاش زراعت کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے منصوبہ کے تحت 67 ارب روپے کی خطیر رقم سے کاشتکاروں کو سبسڈی کے تحت نہ صرف ڈرپ وسپرنکلر نظام آبپاشی کی تنصیب، غیر اصلاح شدہ آبپاش کھالہ جات کو پختہ، غیر نہری علاقوں میں آبپاش سکیموں کی اصلاح اور بارشی پانی کو آبپاشی کے لئے جمع کرنے کے لئے تالابوں کی تعمیر کی گئی بلکہ وزیرِ اعظم پاکستان کے ویژن کو عملی جامہ پہناتے ہوئے اسی منصوبے کے تحت گزشتہ چند سالوں میں صوبہ پنجاب میں ایک کروڑ سے زائد درخت بھی لگائے جا چکے ہیں ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاحِ آبپاشی) ملک محمد اکرم نے خیبر پختونخواہ کے اعلیٰ افسران کے 15 رکنی وفد کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر خیبر پختونخواہ سے آئے وفد نے ''پنجاب میں آبپاش زراعت کی پیداوار بڑھانے کے منصوبہ'' کو کامیابی پر ملک محمد اکرم ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی کی خدمات کو سراہا۔اس موقع پر خیبر پختونخواہ کے زرعی وفد نے اپنے صوبے میں آبپاش زراعت کی پیداوار بڑھانے کے منصوبے کے حوالے سے درپیش چیلنجز پر بھی تفصیلی گفتگو کی۔یاد رہے، خیبر پختونخواہ سے خصوصی وفد تین روزہ دورے پر پنجاب میں آبپاش زراعت کی پیداوار بڑھانے کے منصوبے کے تحت ہونے والے کام کے طریقہ کار، کھالاجات، پی سی پی ایس یارڈ، سینٹر پیوٹ اریگیشن سسٹم اور ڈرپ اریگیشن سائٹس کا جائزہ لے گا۔اس وفد میں شامل عالمی بنک کی نمائندہ مس ماہا نے کہا کہ عالمی بنک نے اس منصوبے کی کامیابی کے لیے پنجاب حکومت کے ساتھ خصوصی تعاون کیا ہے۔ یہ منصوبہ پنجاب کا سب سے بڑا اور کامیاب زرعی منصوبہ ہے جس سے صوبہ پنجاب کو موسمیاتی تبدیلیوں اور پانی کی کمی جیسے مسائل سے نپٹتے ہوئے غذائی خود کفالت کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔

☆☆☆☆